اہل سنت والجماعت کے مسلک کی صحیح تعبیر وتشریح کی ہے۔

کتاب کے تین ابواب ہیں۔ پہلا باب عقائد دوسرے میں نبوت اور آثار مبارکہ سے برکت اور تیسرے باب میں حیات برزخ کا بیان ہے۔ ان ابواب کے ضمن میں بہت سے ایسے مسائل کا قرآن وحدیث اور روایات کی روشنی میں ذکر کیا گیا ہے جس میں ایک تشویش والے ذہن کے لیے تشفی ہے، خاص کر ان مسائل میں جن کے بارے میں برصغیر پاک وہند میں کافی عرصہ سے اختلاف چلا آرہا ہے مثلاً استعانت، توسل، تبرک، زیارت قبور، تصوف، کشف وکرامت، حیات برزخیہ، مولدالنبیؐ اور بدعت وغیرہ پر سیر حاصل بحث ہے۔ کتاب کے مصنف حرمین شریفین کے راسخ فی العلم مسلم الثبوت عالم ہیں۔ اس کتاب پر مکہ، مدینہ، مصر اور پاکستان کے نامور علماء کی تقریظات بھی ہیں، جس کی وجہ سے کتاب کی ثقاہت بڑھ گئی اور قابل اعتماد ہو گئی ہے، امید ہے کہ اس کتاب کے مطالعہ سے اگر اختلافات ختم نہیں ہوتے تشدد میں نرمی کا پہلو ضرور پیدا ہوگا۔

حضرت مولانا احمد عبدالرحمٰن صدیقی فاضل حقانیہ بھی اہل علم اور علمی برادری کے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے کتاب کے ترجمہ واشاعت میں مخلصانہ دلچسپی لے کر یہ کتاب اہل علم حضرات تک پہنچانے میں بھرپور کردار ادا کیا۔ واجرھم علی اللہ۔

تعارف تجوید

تصنیف۔ مولانا قاری محمد سلیمان حقانی۔
قیمت: ۱۰ روپے۔ ناشر! مکتبہ عثمانیہ۔ ایچ۔ایم۔سی۔ ٹیکسلا

فن تجوید پر عربی اور اردو کے رسالے ملتے ہیں۔ جن میں تجوید کے مسائل کو اچھی طرح بیان کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ حال ہی میں دارالعلوم حقانیہ کے فاضل مولانا قاری محمد سلیمان صاحب نے اس فن میں اردو زبان میں حفظ وقرأت کے مبتدیوں کی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے بہترین اور آسان رسالے کا اضافہ کیا ہے۔ قرأت کی متداول کتابوں کے پڑھانے سے قبل اگر اساتذہ کرام یہ رسالہ مبتدیوں کو سبقاً پڑھا کر یاد کرادیں تو آئندہ کتابوں میں بہت تیزی کے ساتھ ترقی کریں گے۔ کیونکہ یہ کتاب ایک ماہر اور تجربہ کار مجود کی محنتوں کا عطر ہے۔ جو مسلمانوں کے بچوں کو حفظ وقرأت پڑھانے کے لیے دردِ دل رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو قبولیت نصیب فرمائے آمین۔